http://www.sgbauonline.com/

**AV–626**

**B.A.(Part–I) Semester–II Examination**

**URDU**

**(Compulsory Languages)**

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 80

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے چار سوالات کے جوابات دیجئے : 16

(۱) ابتدا سے لے کر حضرت عیسیٰ کی پیدائش تک کی تہذیب کا جائزہ لیجئے۔

(۲) شاہ ہمور بی کے قوانین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(۳) کمپیوٹر کے مختصر فوائد بیان کیجئے۔

(۴) خلائی کاموں میں کمپیوٹر کس طرح فائدہ مند ہے؟

(۵) کمپیوٹر کے تعلیمی کام بیان کیجئے۔

(۶) سلونو تہوار کی ابتدا کس طرح ہوئی؟

(۷) سلونو تہوار کس طرح منایا جاتا تھا؟

(۸) ۱۸۵۷ء سے قبل جمعرات کا بازار کس طرح لگتا تھا؟

سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل بندوں میں سے چار بندوں کی تشریح کیجئے : 16

۱۔ فردوس کا نمونہ ہو اپنا کنج دلکش
سارے جہاں کی جس میں ہوں جلوہ گر فزائیں
چھایا ہو ابرِ رحمت کاشانۂ چمن میں
رم جھم برس رہی ہوں چاروں طرف گھٹائیں
مرغانِ باغ بن کر اڑتے پھریں ہوا میں
نغمے روح افزاں اور دل ربا صدائیں

۲۔ مرغان باغ کا ہو اس شاخ پر نشیمن
پہنچے نہ ہاتھ جن تک صیادِ آسمان کا
موسم ہو جوش گل کا اور دن بہار کے ہوں
عالم عجیب دلکش ہو اپنے گلستاں کا
مِل مِل کے ہم ترانے حب وطن کے گائیں
بلبل ہیں جس چمن کے گیت اس چمن کے گائیں



http://www.sgbauonline.com/

http://www.sgbauonline.com/

۳۔ جلال آتش و برق و شہاب پیدا کر
اجل بھی کانپ اٹھے وہ شباب پیدا کر
ترے خرام میں ہے زلزلوں کا راز نہاں
ہر ایک گام پر اک انقلاب پیدا کر
صدائے تیشۂ مزدور ہے تیرا نغمہ
تو سنگ و خشت سے چنگ و رباب پیدا کر

۴۔ گرادے قصرِ تمدن کہ اک فریب ہے یہ
اٹھادے رسم محبت، عذاب پیدا کر
جو ہوسکے تو ہمیں پامال کرکے آگے بڑھ
نہ ہوسکے تو ہمارا جواب پیدا کر
بہے زمین پہ جو میرا لہو غم مت کر
اسی زمین سے مہکتے گلاب پیدا کر

۵۔ خواب اب حسن تصور کے افق سے ہیں پرے
دِل کے اک جذبۂ معصوم نے دیکھے تھے جو خواب
اور تعبیروں کے تپتے ہوئے صحراؤں میں!
تشنگی آبلہ پا، شعلہ بکف موج سراب
یہ تو ممکن نہیں بچپن کا کوئی دن مل جائے
یا پلٹ آئے کوئی ساعت نایاب شباب

۶۔ جانے کس موڑ پہ کس راہ میں کیا بیتی ہے؟
کس سے ممکن ہے تمناؤں کے زخموں کا حساب
آستینوں کو پکاریں گے کہاں تک آنسوں؟
اب تو دامن کو پکڑتے ہیں لہو کے گرداب
دیکھتی پھرتی ہے ایک ایک کا منھ خاموشی
جانے کیا بات ہے؟ شرمندہ ہے انداز خطاب



http://www.sgbauonline.com/

http://www.sgbauonline.com/

16 سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چار سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے :

(۱) مخلوط زبان کسے کہتے ہیں؟

(۲) مخلوط زبان میں غیر زبان کے الفاظ داخل ہونے سے کیا فائدہ ہوا؟

(۳) مترادف الفاظ سے کیا مراد ہے؟ اس کے فائدے بیان کیجئے۔

(۴) مصنف نے مزاج پرسی کرنے والوں کو وبالِ جان کیوں کہا ہے؟

(۵) 'پڑیئے گر بیمار' اس سبق میں مصنف کے خیال میں شائستہ آدمی کی پہچان کیا ہے؟

(۶) مرزا عبدالودود بیگ نے مصنف کی مزاج پرسی کس طرح کی؟

16 سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا مفصل جواب لکھئے :

(۱) مرزا فرحت اللہ بیگ اور وحیدالدین سلیم کا اورنگ آباد تک کا سفر کس طرح طے ہوا؟ لکھئے۔

(۲) وحیدالدین سلیم کی شخصیت اور کردار کی خوبیاں بیان کیجئے۔

8 سوال نمبر۵۔ (الف) کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے :

(۱) ماحولیات کا تحفظ

(۲) موبائل کے فوائد و نقصانات

8 (ب) مندرجہ ذیل عبارت کا بامحاورہ اردو زبان میں ترجمہ کیجئے :

Film stars and sports person work hard to achieve something. They are given the tag because they are performers. But there are a number of real heroes, who don't get a chance to prove themselves in front of T.V. cameras. When a bus falls into a river and hundreds of people watch, the real hero is the one who jumps into the river to save lives. The real heroes are those who serve the nations. They are ready to sacrifice there lives and not accept anything in return.



http://www.sgbauonline.com/

http://www.sgbauonline.com/

http://www.sgbauonline.com/